Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کا پاک افغان سرحدی علاقوں پر دن بدن بڑھتی کشیدگی پر نہایت تشویش کا اظہار

عوامی تائید اور مینڈیٹ سے محروم حکومت کی ناکام خارجہ پالیسی کے سبب پاکستان کے تمام سرحدی علاقے مسلسل تناؤ کی لپیٹ میں ہیں، پاک ایران سرحد کے بعد پاک افغان سرحدی علاقوں میں پر تشدد واقعات کی متواتر اطلاعات اور اس پر حکومتی خاموشی باعثِ تشویش ہے، ترجمان تحریک انصاف

گزشتہ تین روز سے پاک افغان سرحدی علاقوں میں مسلسل گولہ باری کی اطلاعات سامنے آرہی ہیں، جعلی فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آنے والے کٹھ پتلی حکمران ملک و قوم کے مفاد کے تناظر میں خودمختار خارجہ پالیسی جیسے فیصلے لینے کا اختیار نہیں رکھتے، چند روز قبل آزاد کشمیر میں پیدا ہونی والی صورتحال حکومتی نااہلی کی بدولت بیرونی سرحدوں پر جنم لینے والے عدم استحکام کا ہی پیش خیمہ ہے، کرغزستان میں گزشتہ رات ہونے والی ہنگامہ آرائی پر حکومت کا غیر ذمہ دارانہ رویہ کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستانی طلباء کو بے یارومددگار چھوڑنا بھی ناکام خارجہ پالیسی کا عکاس ہے، ترجمان تحریک انصاف

اپنے ذاتی مفاد کو ملکی مفاد پر فوقیت دینے والے قومی مجرم گزشتہ دو سال سے اپنے غیر سنجیدہ رویے کے باعث مسلسل وطنِ عزیز کی جگ ہنسائی کا باعث بنتے آرہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

خدشہ ہے کہ غیر منتخب حکومت کی نااہلی اور ناکام خارجہ پالیسی پاکستان کو عالمی سطح پر تنہائی کا شکار کرنے کا سبب بنے گی، داخلی عدم استحکام میں مسلسل اضافہ ملک کو اقتصادی تباہی کی جانب لے جارہا ہے جس سے نکلنے کا واحد راستہ سیاسی استحکام ہے، ریاست اپنی ترجیحات کا محور درست کرتے ہوئے سرحدوں پر بڑھتی کشیدگی کے فوری تدارک کیلئے ٹھوس حکمت عملی اختیار کرے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ